36754 ـ تعاونی کمپنی کے حصص سے کس طرح خلاصی حاصل کرے

سوال

اگر کسی شخص نے تعاونی کمپنی کے حصص کی خریداری کر لی اور اس سے خلاصی اور چھٹکارا حاصل کرنا چاہے، تو کیا اس کے ان حصص کو کسی اور شخص پر فروخت کرنا جائز ہے ؟ !

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر کمپنی کو حصص واپس کر کے اپنی رقم حاصل کرنا ممکن ہو تو اسے ایسا ہی کرنا چاہیے، کیونکہ یہ بیع باطل ہے.

اور جو کچھ اس نے ادا کیا ہے اس سے زائد رقم سے چھٹکارا حاصل کرے.

اور اگر وہ ایسا نہیں کر سکتا، تو پھر بعض علماء کرام نے حصص مارکیٹ میں ان حصص کو فروخت کرنے کے جواز کا فتوی دیا ہے، اور اسے چاہیے کہ وہ زیادہ رقم سے چھٹکارا حاصل کرے تا کہ وہ اس حرام کمپنی میں شراکت دار نہ رہے.

واللہ اعلم .